© rasailojaraid.com



”اُمت“ رپورٹ

# ماہ رمضان میں قادیانیوں کی سرگرمیاں بڑھ گئیں

رمضان المبارک کے دوران کراچی میں قادیانیوں کی سرگرمیاں بڑھ گئیں۔ ارتدادی مقاصد کے لیے (کراچی) شہر میں واقع قادیانیوں کے 6 مراکز زیادہ فعال ہیں، جہاں غریب مسلمان خاندانوں کو خوراک، ملبوسات اور عید گفٹس دے کر انہیں گمراہ کیا جارہا ہے جبکہ کچی آبادیوں میں راشن کے تھیلوں کے ساتھ قادیانیت کا لٹریچر بھی تقسیم کیا جارہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قادیانیوں کے امیر مرزا مسرور کی جانب سے قادیانی تبلیغی اداروں کو ہدایات ملی ہیں کہ ماہ رمضان میں غریب و نادار مسلمانوں کی مالی مدد کر کے اُنہیں قادیانیت کی جانب راغب کیا جائے۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ماہ رمضان میں قادیانیت کی تبلیغ کے لیے کروڑوں روپے تقسیم کیے گئے ہیں اور کراچی کے تبلیغی مراکز کو سات کروڑ سے زائد کی رقم دی گئی ہے۔

”اُمّت“ کو معلوم ہوا ہے کہ رمضان المبارک میں قادیانیوں نے شہر کے 6 علاقوں میں واقع اپنے مراکز سے ارتدادی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں جن میں ڈرگ روڈ، محمود آباد، صدر، طارق روڈ، شاہ فیصل کالونی اور گلشن حدید کے مراکز شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ان علاقوں میں مفت راشن اور عید گفٹ تقسیم کیے جارہے ہیں جبکہ سادہ لوح غریب مسلمانوں کے لیے سحری اور افطاری کے انتظامات بھی کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق قادیانیوں کی جانب سے محمود آباد کی لیاقت اشرف کالونی میں نادار مسلم گھرانوں میں مفت راشن تقسیم کیا گیا ہے۔ لیاقت اشرف کالونی، جونیجو ٹاؤن، اعظم ٹاؤن اور کشمیر کالونی میں قادیانی تبلیغی ٹیم سفید رنگ کی ہائی روف میں علاقے میں راشن تقسیم کرتی ہے اور افطاری کے وقت دکانوں سے لوگوں کو بلا کر لے جاتے ہیں۔ غریب مسلم گھرانوں میں جو راشن کے تھیلے تقسیم کیے جارہے ہیں ان میں 10 کلو آٹا، 2 کلو چاول، ایک کلو چینی، ایک کلو گھی کی تھیلی، ایک پاؤ چائے کی پتی، چنے کی دال اور مسور کی دال کے علاوہ چاول اور دیگر اشیا ڈالی جاتی ہیں جبکہ تھیلے کے ساتھ ایک خاکی لفافہ بھی دیا جارہا ہے جس میں قادیانیوں کے مختلف تبلیغی کتابچے ہوتے ہیں۔

ان کتابچوں میں: ”میں اسلام کو کیوں مانتا ہوں“، ”جماعت احمدیہ کا تعارف“، ”مسیح اور مہدی کب آئیں گے“، ”امام مہدی کی صداقت کے دو نشان، چاند سورج گرہن“، ”جماعت احمدیہ کے عقیدے“، ”سلسلہ احمدیہ“، ”بانی جماعت احمدیہ کی دعوت مباہلہ“، ”جماعت احمدیہ ترقی کی شاہراہوں پر“ اور ”حضرت بانی جماعت احمدیہ کا عشق رسول“ عنوان کے کتابچے شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق محمود آباد میں جن لوگوں میں مفت راشن تقسیم کیا گیا، ان کے نام، پتے، شناختی کارڈ نمبرز اور فون نمبرز نوٹ کیے گئے اور انہیں کہا گیا ہے کہ جماعت کی جانب سے ہر ماہ راشن تقسیم کیا جاتا ہے۔ اس لیے آپ سے رابطہ کر لیا کریں گے۔ ”اُمّت“ کو محمود آباد کے ایک رہائشی نے بتایا کہ اس قادیانی مرکز سے راشن کی تقسیم اور عیدی گفٹ دینے کا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سلسلہ پورے رمضان جاری رہتا ہے۔ جمعہ کی دوپہر لوگوں کی بڑی تعداد یہاں عبادت کے لیے آتی ہے۔ جبکہ مغرب کے وقت احمدیہ چینل کے ذریعے قادیانیوں کے تبلیغی پروگرام دکھانے کے لیے ابراہیم حیدری، کورنگی اور لانڈھی کی کچی آبادیوں سے غریب مسلمان خاندانوں کو بسوں اور کوسٹرز میں لایا جاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈرگ روڈ کینٹ بازار کے تبلیغی مرکز میں بھی غیر معمولی سرگرمیاں ہو رہی ہیں۔ یہاں جمعہ کی دوپہر مرکزی عبادت کے دوران اور مغرب کے وقت لوگوں کا خاصا رش دکھائی دیتا ہے۔ ڈرگ روڈ کے احمدیہ مرکز کے ساتھ فضل عمر میموریل ڈسپنسری اور ریسٹ ہاؤس بھی بنا ہوا ہے، جہاں شہر کے مضافاتی علاقوں کے علاوہ سندھ کے شہروں سے مرتد کیے جانے والے افراد اور سادہ لوح مسلمانوں کو مختلف ترغیبات دے کر لایا جاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس قادیانی تبلیغی مرکز کی سیکورٹی انتظامات قادیانی تنظیم کے کارکن کرتے ہیں۔ اس قادیانی تبلیغی مرکز کے اطراف اور مرکزی دروازے پر 14 خفیہ کیمرے بھی لگے ہوئے ہیں جبکہ زیادہ رش کی صورت میں گلی کے دونوں اطراف اور چھت پر سیکورٹی بڑھا دی جاتی ہے۔ ماہ رمضان کے دوران اس مرکز میں افطاری کا بندوبست بڑے پیمانے پر کیا جاتا ہے۔ اس دوران کینٹ بازار میں کھڑے رکشہ ٹیکسی والوں اور دکانداروں کو افطاری کے لیے بلایا جاتا ہے اور افطار کے بعد یہاں پر احمدیہ ٹی وی چینل کے ذریعے قادیانیت کے درس کے پروگرام دکھائے جاتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس تبلیغی مرکز سے 50 سے زائد خواتین اور لڑکیوں کے گروپ شہر کے مضافاتی علاقوں اور کچی آبادیوں میں جا کر غریب خواتین کو مختلف قسم کے لالچ دے کر انہیں گمراہ کرتے ہیں۔ جبکہ قادیانی کارندے نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار، مالدار گھرانوں میں شادی اور اچھے مستقبل کا جھانسہ دے کر مرتد کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

''اُمّت'' کو معلوم ہوا کہ 2 رمضان کو یہاں پر غریب خواتین میں مفت راشن تقسیم کیا گیا تھا۔ ''اُمّت'' کو معلوم ہوا ہے کہ شہر میں سرکاری اسپتالوں کی خراب صورت حال کے باعث غریب شہریوں کی بڑی تعداد رفاہی اداروں کی ڈسپنسریوں کا رخ کرتی ہے، شہر میں فضل عمر میموریل ڈسپنسریوں کے نام سے قادیانیوں کا نیٹ ورک بھی چل رہا ہے جہاں مفت علاج کی آڑ میں لوگوں کا ایمان برباد کیا جاتا ہے۔ ان ڈسپنسریوں میں 10 سے 20 روپے کی پرچی پر علاج کے علاوہ ادویات بھی دی جاتی ہیں اور جن مریضوں کو آپریشن کی ضرورت ہوتی ہے انہیں مالی امداد دے کر قادیانیت کی جانب راغب کیا جاتا ہے۔ اطلاعات کے مطابق شاہ فیصل کالونی نمبر 3 میں عظیم پورہ قبرستان کے قریب نالے کے بالمقابل واقع عمارت میں قادیانی سرگرم ہیں جہاں ماہ رمضان کے دوران آنے والوں کی تعداد دن بدن بڑھ رہی ہے۔

''اُمّت'' کو ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ علاقے مکین اس کوشش میں تھے کہ یہاں سے قادیانی مرکز ختم کرایا جائے۔ تاہم اب اطراف کے علاقوں میں ایک درجن سے زائد قادیانی افراد نے پلاٹ اور گھر خرید لیے ہیں۔ اب اس مرکز میں شاہ فیصل کالونی، الفلاح ملیر، لانڈھی سے لوگوں کو تبلیغ کے لیے لایا جاتا ہے۔ اس مرکز میں عید کے کپڑے، گفٹ آئٹم اور مفت راشن کا لالچ دے کر سادہ لوح غریب مسلمانوں کو اس مرکز میں لایا جاتا ہے جہاں انہیں قادیانی بنانے کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوشش کی جاتی ہے۔ ذرائع کے مطابق، اس قادیانی مرکز کا ذمہ دار، مبشر احمد الفلاح کا رہائشی ہے اور اس مرکز سے سندھ کے مختلف شہروں میں قادیانی ٹیمیں روانہ کی جاتی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ، اس مرکز میں کام کرنے والے دو نوجوانوں، فرحان اور عدیل کا تعلق بدین سے ہے اور ان کو جرمنی بھیجنے کا لالچ دے کر یہاں پر لایا گیا ہے۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا ہے کہ صدر کے علاقے پریڈی میگزین روڈ پر واقع قادیانی عبادت گاہ میں سال بھر اتنی سرگرمیاں نظر نہیں آتیں تاہم ماہ رمضان میں اس مرکز میں قادیانیوں کی تبلیغی سرگرمیاں بڑھ جاتی ہیں۔ اس علاقے میں چونکہ رہائشی فلیٹ کم ہیں اور زیادہ تر دکانیں ہیں، اس لیے افطار کے دوران دکانداروں کو قادیانی عبادت گاہ میں روزہ کھلوانے کے بہانے بلوایا جاتا ہے۔ علاقے کے ایک دکاندار فاروق نے بتایا کہ جمعہ کے روز یہاں پر قادیانیوں کا بڑا اجتماع ہوتا ہے۔ اس دوران ان کی اپنی سیکورٹی لگائی جاتی ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ ماہ رمضان کے دواران یہاں پر شام وقت زیادہ گہما گہمی ہوتی ہے۔ لیکن افطار کے بعد جب قادیانیوں کا تبلیغی پروگرام شروع ہوتا ہے تو تمام گیٹ بند کردیتے ہیں۔ فاروق کا کہنا ہے کہ دو روز قبل یہاں راشن بھی تقسیم کیا گیا تھا۔ اس دوران بہت سے سادہ لوح غریب مسلمان بھی امدادی سامان لینے کے لیے جمع ہو گئے تھے۔ قادیانی کارکنان ان سب کے نام، پتے اور فون نمبرز لکھ رہے تھے، تاکہ انہیں بعد میں جال میں پھانسا جاسکے۔

ایک دکاندار، جمال کا کہنا ہے کہ یہاں پر زیادہ تر دوسرے علاقوں سے لوگوں کو گھیر کر لایا جاتا ہے اور رات کے وقت خصوصی اجتماعات کیے جاتے ہیں جو دیر گئے تک جاری رہتے ہیں۔ نمائندہ ''اُمّت'' نے صدر کے قادیانی مرکز پر کسی ذمہ دار سے بات کرنا چاہی تو گیٹ پر موجود 65 سالہ شخص نے کہا کہ انتظامی عہدے دار، رات کے اوقات میں ہی آتے ہیں اور وہ کوئی مؤقف دینے کا مجاز نہیں۔ اس دوران کئی قادیانی نوجوان مرکز کے صحن میں اکھٹے ہو گئے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ ادھر سے چلے جائیں اور ہمیں ڈسٹرب نہ کریں۔

اُمّت کو ملنے والی اطلاعات کے مطابق، گلشن حدید میں قادیانیوں کے قبرستان کے قریب واقع قادیانی مرکز میں آج کل کافی سرگرمیاں نظر آرہی ہیں۔ اس حوالے سے معلوم ہوا ہے کہ مبشر اور مرزا جواد احمد نامی دو افراد یہیں کے ذمہ دار ہیں اور اس مرکز میں پنجاب اور سندھ کے شہروں میر پور خاص، شور کوٹ، جھڈو، ماتلی سے قادیانی تبلیغی ٹیمیں آئی ہوئی ہیں۔ اس مرکز سے دو ٹیمیں صبح کے اوقات میں گڈاپ اور بن قاسم ٹاؤنز کے علاقوں میں جاتی ہیں اور افطار کے اوقات میں یہاں غریب مسلمانوں کو افطاری کرانے کے بہانے لایا جاتا ہے۔ جبکہ ماہ رمضان کے دوران ہر دوسرے روز یہاں پر مفت راشن تقسیم کرنے کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے۔ جبکہ 20 رمضان کے بعد یہاں پر عید کے کپڑے اور عید گفٹ آئٹم تقسیم کیے جاتے ہیں۔

''اُمّت'' کو معلوم ہوا ہے کہ یہاں پر جو بیمار افراد لائے جاتے ہیں انہیں گلشن اقبال اور شاہ فیصل کالونی کے قادیانی تبلیغی مراکز میں بھیجا جاتا ہے۔ جہاں علاج معالجہ کے دوران سادہ لوح افراد کو قادیانیت کی گمراہ کن تعلیمات کا درس بھی دیا جاتا ہے۔ ''اُمّت'' کو معلوم ہوا ہے کہ گلشن اقبال کا قادیانی تبلیغی مرکز ماہ رمضان کے دوران زیادہ فعال ہو چکا ہے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اوراس مرکز میں گلشن اقبال، گلستان جوہراور سہراب گوٹھ کے علاقوں کے علاوہ کچی آبادی کے مکینوں کو مفت راشن اور عید گفٹ آئٹمز کا لالچ دے کر گمراہ کیا جاتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ماہ رمضان کے دروان قادیانی تبلیغی نیٹ ورک، سرجانی ٹاؤن، گڈاپ، بن قاسم، مچھر کالونی، بلدیہ، مشرف کالونی سمیت دیگر علاقوں میں بھی سرگرم ہوجاتا ہے۔

''اُمّت'' کو معلوم ہوا ہے کہ پی ای سی ایچ ایس بلاک 2 میں واقع قادیانی مرکز میں ماہ رمضان شروع ہوتے ہی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں۔ اس مرکز میں جمعہ کی خصوصی عبادت کے علاوہ افطاری کے بعد قادیانی تبلیغی اجتماعات ہوتے ہیں۔ اس مرکز میں کراچی کے پوش علاقوں ڈیفنس، کلفٹن، گلشن اقبال، بہادر آباد اور دیگر علاقوں سے بڑی تعداد میں لوگ گاڑیوں میں آتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس مرکز میں قادیانی تبلیغی اداروں کے لیے فنڈز جمع کیے جاتے ہیں۔ جبکہ شہر کے دیگر قادیانی مراکز کو لٹریچر بھی یہاں سے ہی فراہم کیا جاتا ہے۔

''اُمّت'' کو ذرائع نے بتایا ہے کہ بیرون ملک سے آنے والے قادیانی تبلیغی ذمہ دار یہاں آکر ٹھہرتے ہیں اور ماہ رمضان کے دوران جہاں ایم ٹی وی، احمدیہ چینل، زیادہ فعال ہوتے ہیں وہاں جرمنی، انگلینڈ اور دوسرے ممالک کے قادیانی اسکالر بھی اپنے گمراہ کن عقائد کے پرچار میں سرگرم ہوجاتے ہیں۔ (مطبوعہ: روزنامہ ''اُمّت'' ۱۶/ جولائی ۲۰۱۳ء)

الغازی مشینری سٹور
ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں
بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501

ماہانہ مجلس ذکرو اصلاحی بیان
29 اگست 2013ء
جمعرات بعد نماز مغرب
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



© rasailojaraid.com



© rasailojaraid.com